Moderated

COPYRIGHT RESERVED

2026................

Class - XII
Sub. Code - 107/207/307/503

Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable
परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें ।
Figures in the Margin indicate full marks
दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं ।

Moderated

Total Questions : 100+7=107
कुल प्रश्न : 100+7=107

Time : 3 Hours 15 Minutes
समय : 3 घंटे 15 मिनट

Full Marks : 100
पूर्णांक : 100

| प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या |
|---|---|---|
| | INTERMEDIATE EXAMINATION-2026 | |
| | इन्टरमीडियट परीक्षा - 2026 | |
| | (ANNUAL/वार्षिक) | |
| | URDU (Compulsory) | |
| | I.Sc, I.Com, I.A and Voc. | |
| | Subject Code/विषय कोड 107/207/307/503 | |
| | Instructions for the Candidate : | |
| | 1: Candidate must enter his/her Question Booklet | |
| | Serial No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet. | |
| | 2. Candidates are required to give their answer in their | |
| | own words as far as praticable. | |
| | 3. Figures in the left hand margin indicate full marks. | |
| | 4. 15 minutes of extra time has been allotted for | |
| | candidates to read the questions. | |
| | 5. This question paper is divided into two Sections. | |
| | Section-A and Section-B. | |
| | 6. In Section-A, there are 100 objective type questions, | |

COPYRIGHT RESERVED

20.26

Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable
परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें ।
Figures in the Margin indicate full marks
दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं ।

Time :
समय :

Full Marks :
पूर्णांक :

प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या

out of which only 50 questions are to be answered. If more than 50 questions are answered, then only first 50 will be evaluated. Each question carries 1 mark. For answering these darken the circle with blue/black ball pen against the correct option on OMR Answer Sheet, otherwise the result will be treated invalid.

7. In Section-B, there are 7 short answer and long answer type questions. Marks are indicated on left side against each questions.

8. Use of any electronic appliances is strictly prohibited.

ہدایات:

1. امیدواروں کو OMR جوابی پرچہ میں اپنا سوالیہ کتابچہ کا سیریل نمبر (۱۵ ہندسوں میں) لکھنا ہوگا۔

2. امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب دیں۔

3. بائیں طرف حاشئے میں درج اعداد کُل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔

4. سوالات پڑھنے کے لئے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت دیا گیا ہے۔

5. ہر سوال نامہ دو حصّوں پر مشتمل ہے۔ سیکشن - A اور سیکشن - B۔

6. سیکشن - A میں ۱۰۰ معروضی سوالات ہیں، ان میں سے صرف 50 سوالوں کا جواب دینا ہے۔ اگر 50 سے زائد سوالوں کے جواب دیے جائیں گے تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا۔ ہر ایک کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔ ان کا جواب دینے کے لیے مہیا کئے گئے OMR جوابی شیٹ پر صحیح جواب کے سامنے نیلے/کالے بال پین سے دائرے کو بھریں۔ OMR جوابی شیٹ پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ ناقابلِ قبول ہوگا۔

7. سیکشن - B میں 7 مختصر اور طویل جواب والے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے لیے بائیں جانب مارکس درج ہیں۔

8. کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔

## SECTION-A

درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ پچاس سے زیادہ جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کئے جائیں گے:

$50 \times 1 = 50$

1. فرحت اللہ بیگ کے استاد کون تھے؟

(A) مولانا حالی (B) نذیر احمد (C) سرسید احمد خاں (D) شبلی نعمانی۔

प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या

2. درج ذیل میں کون سی تخلیق 'افسانہ' نہیں ہے؟

(A) ٹوبہ ٹیک سنگھ (B) نذیر احمد کی کہانی (C) ابراہیم سقہ (D) پیرامس۔

3. جس بڑے بھائی نے خواجہ حسن نظامی کی کفالت کی، ان کا نام کیا ہے؟

(A) لیاقت علی شاہ (B) وارث علی شاہ (C) سید حسن علی شاہ (D) حسین علی شاہ۔

4. ان میں سے کون ترقی پسند ادیب ~~ہے~~ ہیں؟

(A) شاد عظیم آبادی (B) علی سردار جعفری (C) ڈپٹی نذیر احمد (D) خواجہ حسن نظامی۔

5. علی سردار جعفری نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز کس صنف سے کیا؟

(A) افسانہ نگاری (B) غزل گوئی (C) نظم نگاری (D) انشائیہ نگاری۔

6. ان میں سے کون سی نظم علی سردار جعفری کی ہے؟

(A) ہم نہیں جانتے (B) برق کلیسا (C) میرا سفر (D) آوارہ۔

7. "مومن خاں مومن" میں 'مومن' کیا ہے؟

(A) عرف (B) لقب (C) کنیت (D) تخلص۔

8. 'مسافر خانہ' کیا ہے؟

(A) اسم آلہ (B) اسم ظرف (C) اسم مکبّر (D) اسم صوت۔

9. علی سردار جعفری کہاں پیدا ہوئے؟

(A) بلرام پور (اتر پردیش) (B) رام پور (اتر پردیش) (C) گورکھپور (D) الہ آباد۔

10. "بہادر لڑکا" میں "بہادر" کیا ہے؟

(A) موصوف (C) فعل (C) صفت (D) مفعول۔

प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या

11. 'نذیر احمد کی کہانی' کے مصنف کون ہیں؟

(A) ڈپٹی نذیر احمد (B) رشید احمد صدیقی (C) فرحت اللہ بیگ

(D) مولوی عبدالحق۔

12. ٹوبہ ٹیک سنگھ کا اصل نام کیا تھا؟

(A) ہری سنگھ (B) بشن سنگھ (C) محمد علی (D) فضل دین۔

13. مندرجہ ذیل میں فکشن کی سب سے مختصر صنف ~~کو کیا کہتے ہیں~~ کون سی ہے؟

(A) افسانہ (B) ڈرامہ (C) ناول (D) داستان۔

14. نظم "گفتگو" کا شاعر کون ہے؟

(A) اکبر الہ آبادی (B) عمیق حنفی (C) علی سردار جعفری (D) یوجینو مونتالے۔

15. علی سردار جعفری کی پیدائش کب ہوئی؟

(A) 1911ء (B) 1912ء (C) 1913ء (D) 1914ء

16. درجِ ذیل میں سابقہ والے لفظ کی نشاندہی کیجیے:

(A) عیدگاہ (B) کتب خانہ (C) لاعلم (D) مرگھٹ۔

17. "غبارِ خاطر" کیا ہے؟

(A) مضامین کا مجموعہ (B) خطوط کا مجموعہ (C) شعری مجموعہ (D) افسانوی مجموعہ۔

18. اس پاگل کا نام بتائیے جس نے اپنے متعلق محمد علی جناح ہونے کا اعلان کر دیا تھا؟

(A) اکبر علی (B) محمد علی (C) فضلِ دین (D) بشن سنگھ۔

19. شاملِ نصاب مضمون "انشائیہ کیا ہے؟" کے مصنف کون ہیں؟

(A) خواجہ حسن نظامی (B) سید سلیمان ندوی (C) وزیر آغا (D) احمد جمال پاشا۔

| प्रश्न हेतु निर्धारित अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या |
|---|---|---|
| | "میرامن" کا تعلق کس صنف سے ہے؟ | 20. |
| | (A) ~~خاکا~~ خاکہ (B) داستان (C) انشائیہ (D) افسانہ۔ | |
| | امّو کس بیماری میں مبتلا تھیں؟ | 21. |
| | (A) ٹی۔بی۔ (B) کینسر (C) فالج (D) ذیابطیس۔ | |
| | لفظ "حنا" کے کیا معنی ہیں؟ | 22. |
| | (A) پھل (B) پھول (C) کلی (D) مہندی۔ | |
| | "ضرورت کے لحاظ سے بہت کم ملنا" کس کہاوت کا مطلب ہے؟ | 23. |
| | (A) اونچی دکان ~~پھیکا~~ پھیکی پکوان (B) آدھا تیتر آدھا بٹیر | |
| | (C) اونٹ کے منہ میں زیرہ (D) آم کے آم گٹھلیوں کے دام۔ | |
| | قصہ گوئی کی قدیم نثری صنف کو کیا کہتے ہیں؟ | 24 |
| | (A) افسانہ (B) ناول (C) داستان (D) ڈرامہ۔ | |
| | عربی میں ناشتہ کو کیا کہتے ہیں؟ | 25. |
| | (A) افطار (B) سحری (C) ظہرانہ (D) فطور۔ | |
| | "بعض پرانے لفظوں کی نئی تحقیق" کس کا مضمون ہے؟ | 26 |
| | (A) خواجہ حسن نظامی (B) وزیر آغا (C) سید سلیمان ندوی (D) مرزا فرحت اللہ بیگ | |
| | خواجہ حسن نظامی کی پیدائش کب ہوئی؟ | 27. |
| | (A) 1876ء (B) 1878ء (C) 1880ء (D) 1882ء | |
| | آگ، ہوا، پانی اور خاک میں سب سے کمتر کس کو سمجھا جاتا ہے؟ | 28. |
| | (A) آگ (B) ہوا (C) پانی (D) خاک۔ | |

studyrav.com

| प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या |
|---|---|---|
| | انشائیہ "ہجرت" میں مصنف نے مغرب کو کس کی علامت قرار دیا ہے؟ | 29. |
| | (A) ہجرت (B) امن (C) غلامی (D) آزادی ۔ | |
| | شاملِ نصاب افسانہ "پرامس" میں کتنے بھائیوں کا تذکرہ ہے؟ | 30 |
| | (A) دو (B) چار (C) تین (D) پانچ ۔ | |
| | درج ذیل میں کون سی نظم عمیق حنفی کی ہے؟ | 31. |
| | (A) گفتگو (B) آوارہ (C) برقِ کلیسا (D) کھیتی ۔ | |
| | مرزا غالب کی بیگم کا کیا نام تھا؟ | 32. |
| | (A) سردار بیگم (B) امراؤ بیگم (C) سروری بیگم (D) زلیخا بیگم | |
| | درجِ ذیل میں سابقہ کی نشاندہی کیجئے ۔ | 33. |
| | (A) کارخانہ (B) نظرانداز (C) لاغاقی (D) جہاں آرا ۔ | |
| | "امانت" کی ضد کیا ہوگی؟ | 34. |
| | (A) دیانت (B) امامت (C) ذہانت (D) خیانت ۔ | |
| | "رنج سے خوگر ہوا انساں، تو مٹ جاتا ہے رنج" یہ مصرعہ کس شاعر کا ہے؟ | 35 |
| | (A) میر (B) غالب (C) اقبال (D) مومن ۔ | |
| | عزیز احمد کی تنہائیوں کا پرانا ساتھی کیا تھا؟ | 36. |
| | (A) ٹرانزسٹر (B) ٹی۔وی (C) اخبار (D) کتاب ۔ | |
| | شاملِ نصاب افسانہ "بھولے بسرے گیت" کے افسانہ نگار کون ہیں؟ | 37. |
| | (A) سعادت حسن منٹو (B) سلام بن رزاق (C) جیلانی بانو | |
| | (D) شفیع جاوید ۔ | |

| प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या |
|---|---|---|
| | لفظ "مَلک" کے کیا معنی ہیں؟ | 38. |
| | (A) مُلک (B) مال (C) انسان (D) فرشتہ۔ | |
| | یگانہ چنگیزی کی وفات کہاں ہوئی؟ | 39. |
| | (A) عظیم آباد (B) دہلی (C) آگرہ (D) لکھنؤ۔ | |
| | بیمار کی دیکھ ریکھ کرنے والا کیا کہلاتا ہے؟ | 40. |
| | (A) بازی گر (B) جرّاح (C) تیماردار (D) تیراک۔ | |
| | درجِ ذیل میں اسمِ معرفہ کی پہچان کریں۔ | 41. |
| | (A) محل (B) درخت (C) مینار (D) تاج محل۔ | |
| | "بہت پیارا ہونا" کس محاورے کا معنی ہے؟ | 42. |
| | (A) آنکھ کھلی کی کھلی رہ جانا (B) آنکھوں کا تارا ہونا۔ | |
| | (C) آنکھیں چار ہونا (D) آنکھیں پتھرانا۔ | |
| | "وہ کل مجھ سے ملنے آیا تھا" یہ جملہ کس زمانے سے تعلق رکھتا ہے؟ | 43. |
| | (A) حال (B) ماضی (C) مستقبل (D) ماضی تمنائی۔ | |
| | "غبارِ خاطر" کا تعلق کس صنف سے ہے؟ | 44. |
| | (A) خودنوشت (B) خطبہ (C) خطوط (D) مضمون۔ | |
| | شاملِ نصاب نظم "ہم نہیں جانتے" کا ترجمہ کس زبان سے کیا گیا ہے؟ | 45. |
| | (A) جاپانی (B) اطالوی (C) انگریزی (D) فرانسیسی۔ | |
| | لفظ "تشنگی" کے کیا معنی ہیں؟ | 46 |
| | (A) آرام (B) بھوک (C) تھکان (D) پیاس۔ | |

| प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या |
|---|---|---|
| | درج ذیل میں نون غنہ کی نشاندہی کیجئے۔ | 47. |
| | (A) جان (B) پلنگ (C) کان (D) نمک۔ | |
| | بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟ | 48. |
| | (A) تین (B) پانچ (C) سات (D) نو۔ | |
| | درج ذیل میں لاحقہ کی پہچان کریں۔ | 49. |
| | (A) ان پڑھ (B) باضابطہ (C) آتش باز (D) پُر آشوب۔ | |
| | کسی کام کے کرنے کا اثر جس پر پڑے گا، اسے کیا کہتے ہیں؟ | 50. |
| | (A) فعل (B) مفعول (C) موصوف (D) صفت۔ | |
| | درج ذیل میں مذکر لفظ کی نشاندہی کریں۔ | 51. |
| | (A) پناہ (B) افواہ (C) پسند (D) کاروبار۔ | |
| | "کان کھڑے ہونا" کا مطلب کیا ہے؟ | 52. |
| | (A) کان میں درد ہونا (B) کان الٹ جانا (C) ہوشیار ہونا | |
| | (D) ان میں سے کوئی نہیں۔ | |
| | "متشاعر" کس طرح کی نظم ہے؟ | 53. |
| | (A) رومانی (B) ظریفانہ (C) اصلاحی (D) صوفیانہ۔ | |
| | درج ذیل میں لقب کی پہچان کیجئے۔ | 54. |
| | (A) ملکۂ ترنم (B) ابن مریم (C) بھارت رتن (D) غالب۔ | |
| | جس اسم سے کسی خاص قسم کی آواز نکلے اسے کیا کہتے ہیں؟ | 55. |
| | (A) اسم مصغر (B) اسم ظرف (C) اسم جنس (D) اسم صوت۔ | |

StudyRaVi.com

प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या

56. اردو کا پہلا خاکہ نگار کون ہے؟

(A) مولوی عبدالحق (B) مولوی ذکاء اللہ (C) فرحت اللہ بیگ (D) ڈپٹی نذیر احمد

57. بنجاروں کو اور کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(A) شکاری (B) کرتب باز (C) سبزی فروش (D) خانہ بدوش ۔

58. غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) قطعہ (B) مطلع (C) مقطع (D) حسن مطلع ۔

59. "گریز" کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A) غزل (B) قصیدہ (C) مثنوی (D) رباعی ۔

60. افسانہ "بھولے بسرے گیت" کے مرکزی کردار کا نام بتائیے ۔

(A) سید عزیز احمد (B) سید نعیم احمد (C) سید شمیم احمد (D) سید وسیم احمد ۔

61. کس نثری صنف میں مافوق الفطری عناصر پیش کئے جاتے ہیں؟

(A) افسانہ (B) ناول (C) سفرنامہ (D) داستان ۔

62. اکبر الہ آبادی کس طرح کے شاعر تھے؟

(A) مرثیہ گو (B) ظریفانہ شاعر (C) مثنوی نگار (D) قصیدہ نگار ۔

63. غالب اردو کے ساتھ ساتھ کس زبان میں شاعری کرتے تھے؟

(A) عربی میں (B) انگریزی میں (C) فارسی میں (D) ہندی میں ۔

64. "انڈیا ونس فریڈم" کس کی کتاب ہے؟

(A) مولانا ابوالکلام آزاد (B) سرسید احمد خاں (C) سید سلیمان ندوی

(D) ڈپٹی نذیر احمد ۔

| प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या |
|---|---|---|
| | سید سلیمان ندوی کا تعلق کس صوبہ سے تھا؟ | 65 |
| | (A) بنگال (B) بہار (C) اڑیسہ (D) پنجاب ۔ | |
| | ارشد کاکوی اور عطا کاکوی میں کیا رشتہ تھا؟ | 66 |
| | (A) پوتا اور دادا کا (B) ناتی اور نانا کا (C) بیٹا اور باپ کا (D) دوست کا۔ | |
| | "باغ و بہار" کس فارسی کتاب کا ترجمہ ہے؟ | 67 |
| | (A) قصۂ چہار درویش (B) پیام مشرق (C) گلستاں (D) بوستاں ۔ | |
| | خلیل الرحمن اعظمی کا پیشہ کیا تھا؟ | 68 |
| | (A) طبابت (B) تدریس (C) تجارت (D) وکالت ۔ | |
| | "ساتھی ہاتھ بڑھانا" کس کا گیت ہے؟ | 69 |
| | (A) قتیل شفائی (B) اختر شیرانی (C) ساحر لدھیانوی (D) مجروح سلطانپوری | |
| | مجاز کا پورا نام بتائیے ۔ | 70 |
| | (A) انوار الحق (B) اسرار الحق (C) ابرار الحق (D) اظہار الحق ۔ | |
| | "کامل انقلاب" کا نعرہ کس نے دیا؟ | 71 |
| | (A) مہاتما گاندھی (B) لال بہادر شاستری (C) سردار پٹیل (D) جئے پرکاش نارائن۔ | |
| | جوش ملیح آبادی کی کتاب "یادوں کی برات" کا تعلق کس نثری صنف سے ہے؟ | 72 |
| | (A) خود نوشت (B) سفرنامہ (C) ڈراما (D) داستان ۔ | |
| | ذیل میں سے کس افسانہ نگار پر فحش گوئی کے الزام میں مقدمہ چلا؟ | 73 |
| | (A) راجندر سنگھ بیدی (B) سعادت حسن منٹو (C) جیلانی بانو | |
| | (D) سلام بن رزاق ۔ | |

| प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या |
|---|---|---|
| | "غم سا پرانا دوست بھی آخر ... گیا" مصرعہ مکمل کیجئے۔ | 74. |
| | (A) بگڑ (B) اُکھڑ (C) بچھڑ (D) اُجڑ۔ | |
| | اکبر الہ آبادی نے اپنی نظموں میں کس تہذیب و تمدن کو طنز کا نشانہ بنایا ہے؟ | 75. |
| | (A) ہندوستانی (B) ایرانی (C) افغانی (D) انگریزی۔ | |
| | 'جو پیروڈیاں لکھ دے' وہ شاعر کا کون ہے؟ | 76. |
| | (A) ہم راز (B) غم خوار (C) بیزار (D) سرشار۔ | |
| | مرثیہ "یارب چمن نظم کو گلزار ارم کر" کس شاعر کی تخلیق ہے؟ | 77 |
| | (A) میر انیس (B) مرزا دبیر (C) مرزا خلیق (D) میر تقی میر۔ | |
| | سودا کس حیثیت سے مشہور ہوئے؟ | 78 |
| | (A) مرثیہ گو (B) قصیدہ گو (C) غزل گو (D) رباعی گو۔ | |
| | راسخ کے اجداد کہاں کے رہنے والے تھے؟ | 79. |
| | (A) عظیم آباد (B) لکھنؤ (C) دہلی (D) حیدرآباد۔ | |
| | داستان "فسانۂ عجائب" کس کی تخلیق ہے؟ | 80. |
| | (A) احسان دانش (B) مرزا رجب علی بیگ سرور (C) راجندر سنگھ بیدی | |
| | (D) جئے پرکاش نارائن۔ | |
| | احسان دانش کی پیدائش کب ہوئی؟ | 81. |
| | (A) 1911ء میں (B) 1912ء میں (C) 1913ء میں (D) 1914ء میں۔ | |
| | ولی کے ایک شاگرد نے "دیوانِ ولی" کا ایک ~~مخطوطہ~~ مقدمہ لکھا تھا، اس شاگرد کا نام کیا تھا؟ | 82. |
| | (A) ولی اللہ (B) ثناء اللہ (C) کریم اللہ (D) عظیم اللہ۔ | |

| प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या |
| --- | --- | --- |
| | ''اردو شاعری کا مزاج'' کے مصنف کون ہیں؟ | .83 |
| | (A) مرزا فرحت اللہ (B) احمد جمال پاشا (C) سید سلیمان ندوی | |
| | (D) وزیر آغا ۔ | |
| | شاملِ نصاب ''ہجرت'' کیا ہے؟ | .84 |
| | (A) داستان (B) ناول (C) انشائیہ (D) مضمون | |
| | افسانہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' میں کن لوگوں کے تبادلے کی بات کی جا رہی تھی؟ | .85 |
| | (A) قیدیوں کے (B) مزدوروں کے (C) فوجیوں کے (D) پاگل قیدیوں کے | |
| | سلام بن رزاق کس محکمہ میں ملازم تھے؟ | .86 |
| | (A) ڈاک خانہ (B) محکمہ تعلیم (C) ریلوے (D) محکمہ پولیس | |
| | ابراہیم سقّہ کی تعلیم کہاں تک تھی؟ | .87 |
| | (A) تیسری پاس (B) چوتھی پاس (C) پانچویں پاس (D) دوسری پاس ۔ | |
| | افسانہ ''کوارنٹین'' کا مرکزی کردار کون ہے؟ | .88 |
| | (A) واگھو (B) بھاگو (C) سادھو (D) جاگو ۔ | |
| | اکبر الہ آبادی کا اصل نام کیا تھا؟ | .89 |
| | (A) اکبر حسین (B) اصغر حسین (C) اظہر حسین (D) احمد حسین ۔ | |
| | درج ذیل میں اسم آلہ کی نشاندہی کیجئے ۔ | .90 |
| | (A) مدرسہ (B) بہادر (C) قینچی (D) پچاس ۔ | |
| | اعراب کے لحاظ سے واؤ کی کتنی قسمیں ہیں؟ | .91 |
| | (A) دو (B) تین (C) پانچ (D) سات ۔ | |

StudyRail.com

| प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या |
| --- | --- | --- |
| | "جسم" کی ضد کیا ہوگی؟ | 92 |
| | (A) زندگی (B) روح (C) موت (D) بدن۔ | |
| | ذیل میں کون سا لفظ مونث ہے؟ | 93 |
| | (A) موتی (B) پانی (C) طبیعت (D) دہی۔ | |
| | "تم سب پڑھتے ہو۔" اس جملہ میں "تم سب" کون سا صیغہ ہے؟ | 94 |
| | (A) واحد غائب (B) جمع غائب (C) واحد متکلم (D) جمع حاضر۔ | |
| | "بہت غصے میں ہونا" کس محاورہ کا مطلب ہے؟ | 95 |
| | (A) آستین چڑھانا (B) آٹے میں نمک ہونا (C) آپے سے باہر ہونا۔ | |
| | (D) اپنا الو سیدھا کرنا۔ | |
| | "صالح" کی جمع کیا ہوگی؟ | 96 |
| | (A) اصلاح (B) اصلحہ (C) صوالح (D) صالحین۔ | |
| | زمان و مکان کا نام کس میں ہوتا ہے؟ | 97 |
| | (A) اسم مکبر میں (B) اسم ظرف میں (C) اسم آلہ (D) اسم صوت | |
| | اسم نکرہ کی کتنی قسمیں ہیں؟ | 98 |
| | (A) دو (B) تین (C) پانچ (D) سات۔ | |
| | شوق کا مترادف کیا ہوگا؟ | 99 |
| | (A) ذوق (B) خوف (C) مشائق (D) لطف۔ | |
| | "کاش تم پہلے مجھ سے مل پاتے۔" یہ جملہ کس زمانے سے تعلق رکھتا ہے؟ | 100 |
| | (A) ماضی بعید (B) ماضی تمنائی (C) حال (D) مستقبل | |

studyraw.com

| प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न सं० |
|---|---|---|
| | SECTION-B | |
| 1×8 = 8 | درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے : | .1 |
| | (a) برسات کا موسم (b) یوم آزادی (پندرہ اگست) | |
| | (c) رمضان المبارک (d) میرا پسندیدہ کھیل ۔ | |
| 2×2 = 4 | مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے : | .2 |
| | (a) یوں ہی گر روتا رہا غالبؔ، تو اے اہلِ جہاں | |
| | دیکھنا ان بستیوں کو تم کہ ویراں ہو گئیں | |
| | (b) مجھے اے ناخدا! آخر کسی کو منہ دکھانا ہے | |
| | بہانہ کرکے تنہا پار اتر جانا نہیں آتا | |
| | (c) کوتاہیوں کی اپنی میں تاویل کیا کروں | |
| | میرا ہر ایک کھیل مجھی سے بگڑ گیا | |
| | (d) مجھے دل کی خطا پر یاسؔ شرمانا نہیں آتا | |
| | پرایا جرم اپنے نام لکھوانا نہیں آتا | |
| 1×4 = 4 | مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجئے : | .3 |
| | اگر کسی سیاست کے نتیجے میں آپ نے ہجرت اختیار کی ہے یا ہجرت کا تاج | |
| | آپ کے سر پر رکھ دیا گیا ہے جس میں ہاتھ سیاست کا ہو یا علاقائیت کا | |
| | سیلاب آپ کو بہا لے گیا ہو یا اب تک آپ غیر کے پالے میں تھے اور اب | |
| | آپ اغیار کے نرغے میں ہیں تو پھر وطن بھی آپ کو راس نہ آیا اور | |
| | غربت میں آپ کی حالت ایک بے جڑ کے پودے کی ہے ۔ | |

| प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या |
| --- | --- | --- |
| | یا | |
| | اگر حالات کی رفتار قید و بند کا باعث ہوتی ہے، تو اس حالت کی رکاوٹیں اور پابندیاں دوسروں کے لیے اذیت کا موجب ہوتی ہیں۔ میرے لیے یکسوئی اور بخود مشغولی کا ذریعہ بن جاتی ہیں اور کسی طرح بھی طبیعت کو افسردہ نہیں کر سکتیں۔ میں جب بھی قید خانے میں سنا کرتا ہوں کہ فلاں قیدی کو قیدِ تنہائی کی سزا دی گئی ہے، تو حیران رہ جاتا ہوں کہ تنہائی کی حالت آدمی کے لئے سزا کیسے ہو سکتی ہے۔ | |
| | اپنے دوست کو ایک خط لکھئے جس میں اپنی تعلیم کا مقصد بیان کیجئے۔ | 4. |
| | یا | |
| | اپنے اسکول کے پرنسپل کو ٹرانسفر سرٹیفکٹ جاری کرنے کے لئے ایک درخواست لکھئے۔ | |
| 5x2 = 10 | درجِ ذیل سوالوں میں سے صرف پانچ کے مختصر جواب دیجئے: | 5. |
| | (a) سید سلیمان ندوی کی کسی دو کتابوں کے نام لکھیں۔ | |
| | (b) کیا تمام انسان وقت کی کھیتی ہیں؟ | |
| | (c) اکبر کس پرچے کے نورتنوں میں شمار ہوتے تھے؟ | |
| | (d) مولانا آزاد کا اصل نام کیا تھا؟ | |
| | (e) مولوی صاحب کے پڑھانے کا کیا طریقہ تھا؟ | |
| | (f) اسمِ نکرہ کی تعریف مع مثال کریں۔ | |
| | (g) کس کے مقابلے میں مہذب انسان معذور ہے؟ | |

प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या

(h) ٹوبہ ٹیک سنگھ کی موت کس جگہ ہوئی؟

(i) "نجم ارشد" میں ارشد کاکوی کے دو بیٹوں کا بھی ذکر ہے۔ دونوں کے نام لکھیے۔

(j) علی سردار جعفری کا تعلق کس تحریک سے رہا ہے؟

6. مندرجہ ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجئے: $3 \times 5 = 15$

(a) نظم "متشاعر" کا مرکزی خیال واضح کیجئے۔

(b) مولانا ابوالکلام آزاد کی مکتوب نگاری کی خصوصیات بتائیے۔

(c) وزیر آغا نے انشائیے کے لیے کن باتوں کو ضروری قرار دیا ہے؟

(d) افسانہ "کوارنٹین" کا خلاصہ لکھیے۔

(e) صنفِ قصیدہ کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے۔

(f) مبارک نے شہزادے کے لیے کون سی خدمات انجام دیں؟

7. درجِ ذیل عبارت کی تلخیص پیش کیجئے: $1 \times 4 = 4$

مبارک نے بادشاہ کی طرف سے اپنی دلجمعی کر کے مجھے ساتھ لیا اور دیئے تحفے لے کر آدھی رات کو شہر سے کوچ کیا اور اُتر کی سمت چلا۔ ایک مہینے تلک پیہم چلا گیا۔ ایک روز رات کو چلے جاتے تھے جو مبارک بولا کہ شکر خدا کا اب منزلِ مقصود کو پہنچے۔ میں نے سُن کر کہا کہ دادا! یہ تو نے کیا کہا؟ کہنے لگا: اے شہزادے! جنوں کا لشکر نہیں دیکھتا؟ میں نے کہا: مجھے تیرے سوا اور کچھ نظر نہیں آتا۔"

یا

प्रश्न के लिए अंक | प्रश्न | प्रश्न संख्या

درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔

(a) شکستِ زنداں کا خواب۔

(b) ہجرت

(c) ہم نہیں جانتے۔